E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعہ 20 نومبر 2026ء/9 جمادی الثانی 1448ھ/ قیمت 20 روپے | شمارہ 276

عوام پارلیمنٹ اور منتخب نمائندوں سے بھی بڑی حیثیت رکھتے ہیں اور جمہوریت کا اصل مقصد اس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانا ہے

بڑے قومی فیصلوں پر تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر بات کرنی چاہیے

ملک محمد احمد خان

ماضی کی افغان جنگوں اور قبائلی علاقوں میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کے اثرات کو سمجھنا ضروری ہے تاکہ موجودہ مشکلات کا مؤثر اور پائیدار حل تلاش کیا جا سکے

پنجاب کی تقسیم کی حمایت، سندھ کی تقسیم کی مخالفت کے درمیان پیپلز پارٹی کے موقف کے تضاد کی وضاحت ہونی چاہیے، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ عوام کی رائے لینے کا حق ریفرنڈم ہے، بڑے قومی فیصلوں پر تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر بات کرنی چاہیے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر وسیع تر مشاورت ضروری ہے، وہ صوبوں کی تشکیل یا تقسیم کے حق یا مخالفت میں کوئی حتمی موقف نہیں دے رہے، تاہم کم از کم اس معاملے پر بات تو ہونی چاہیے، پنجاب کی تقسیم کی حمایت اور سندھ کی تقسیم کی مخالفت کے درمیان پاکستان پیپلز پارٹی کے موقف میں پائے جانے والے تضاد کی وضاحت ہونی چاہیے۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ براہ راست جمہوریت، جمہوریت کی ایک اہم اور اعلیٰ شکل ہے، آئین میں ریفرنڈم کی گنجائش اسی لیے رکھی گئی ہے تاکہ اہم قومی معاملات پر عوام سے براہ راست رائے لی جا سکے۔ جب عوامی

(باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

وزیراعظم کی پی ایم او ایس کو مزید بہتر اور کارگر بنانے اور متعلقہ اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور رابطہ بڑھانے کی ہدایت

وزیراعظم کی بنیادی حیثیت حاصل ہے

ملکی معیشت کی مضبوطی اور زرعی شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید تحقیق کو

ملک بھر سے کسانوں کی رجسٹریشن کے لئے میرا کسان ڈیجیٹل ایپلی کیشن کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ حکومتی سطح پر زرعی شعبے میں ادارہ جاتی اصلاحات بھی کی جا رہی ہیں

ہماری حکومت زراعت کے شعبے میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن سرپرستی اور بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی، شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف نے پی ایم او ایس کو مزید بہتر اور کارگر بنانے اور اس حوالے سے متعلقہ اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور رابطہ بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی مضبوطی اور زرعی شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید تحقیق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے، ہماری حکومت زراعت کے شعبے میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن سرپرستی اور بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 9)



کراچی: ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کو 20 کروڑ ڈالر تک بڑھانے کے ہدف پر پیش رفت کرنا ہے۔ وزارت تجارت جاری بیان کے مطابق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 6)

پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا، وزیر تجارت

پاکستان اور مالدیپ کا دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپس قائم کرنے پر اصولی اتفاق

ملاقات کے دوران جام کمال خان نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو کے لیے نیک تمناں کا پیغام بھی پہنچایا



قمر یار کر خرم آباد کے علاقے چھارمنگ میں زمین کے تنازع پر ہونے والی فائرنگ میں ملوث ملزمان پولیس کی حراست میں

اپوزیشن کا گندم، گنے کی قیمتوں، شوگر ملوں کی بندش، بیج کی عدم دستیابی، کھاد کی بلیک مارکیٹنگ پر احتجاج

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن کی جانب سے گندم اور گنے کی قیمتوں، شوگر ملوں کی بندش، بیج کی عدم دستیابی، کھاد کی بلیک مارکیٹنگ اور کسانوں کو درپیش مشکلات پر بھرپور آواز بلند کرتے ہوئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 3)

بازخان نے بطور تحصیلدار سٹی فیصل آباد اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

اور اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ متعلقہ سائلین کی تمام تر جائز شکایات کے ازالہ کیلئے ٹھوس اور مؤثر اقدامات کئے جائیں گے

وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر تمام معاملات احسن طریقہ سے حل کئے جائیں گے اور کسی قسم کو کوتاہی تبدیل جرمہ اختیار نہیں کرنے دیا جائے گا

جمعہ بازار کے تنازع پر 10 نوجوانوں کی گرفتاری

مختلف تھانوں میں مختلف کے مقدمات درج کرنے کا الزام، متاثرہ خاندان کا پریس کلب میں احتجاج

ظہور تنویر نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کروائی جائیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چک نمبر 206 رب سیال والا کے رہائشی ظہور تنویر نے مقدمات درج کروانے کے الزام کے خلاف فریق سے منتخ کلامی ہوئی، جس پر خالفین نے پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر دی۔ اطلاع ملنے پر پولیس اہلکار بھی موقع پر پہنچے اور دونوں فریقین کو تھانے لے گئے، تاہم تفریحاً دونوں کے دس نوجوانوں کو فیصل آباد کے دس مختلف تھانوں میں منتقل کیا اور بعد ازاں ان کے خلاف بھاری مقدار میں منشیات کی برآمدگی کے مقدمات درج کر دیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)



فیصل آباد پریس کلب 206 رب سیال والا کے رہائشی ظہور تنویر پریس کلب میں مختلف تھانوں میں جھوٹے مقدمات درج کروانے کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے

نئی نسل کو آلودگی سے پاک ماحول کی فراہمی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

وزیر صنعت و تجارت سے چینی کمپنی کے وفد کی ملاقات، ایشوں کے بھٹوں کی ڈگ ڈیگ ٹیکنالوجی پر منتقلی کے امور پر بات چیت

پنجاب میں مشیزری کے ذریعے اینٹوں کی میونسپل ٹیکس کے فروغ کیلئے پنجاب حکومت کے ساتھ تعاون کیلئے تیار ہیں، چینی وفد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے چینی کی

دعی رانی پور گرام کے تحت وہاڑی میں 94 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب، کیمل شوٹ بٹ کی خصوصی شرکت

وہاڑی (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دعی رانی پور گرام کے تحت خورشید انور اسٹیڈیم وہاڑی میں 94 مستحق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

کمشنر لاہور کا واسا ہیڈ آفس کا دورہ، جاری ترقیاتی سکیموں پر پیشرفت کا جائزہ

شہری شکایات کا فوری اور سو فیصد ازالہ کیا جائے، بروقت فیڈ بیک بھی دیں، محمد جہانزیب افغان

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور محمد جہانزیب نے واسا ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور کی زیر صدارت واسا ہیڈ آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی واسا، اتھارٹی بجلی فرمے نے شرکت کی۔ ایم ڈی واسا غضنفر احمد نے واسا آپریشنز، شکایات ازالہ، واٹر اینڈ سینی ٹیشن میں اہم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 5)

سرگودھا میں پیغام پاکستان امن کانفرنس، حرمین شریفین کے وقار اور امت مسلمہ کے اتحاد پر زور

قاریانِ حرم مکی و مدنی، قومی نغمہ خوانوں اور امن کے فروغ کیلئے علما کرام و معززین کا کردار ادا کریں، مولانا عبدالحفیظ آزاد

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں پیغام پاکستان امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس کا موضوع تحفظ حرمین شریفین، مذہبی ہم آہنگی و احترام انسانیت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 4)

بھارت کے لیے پاکستانی فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع

فضائی حدود کی بندش میں 23 دسمبر 2026 تک توسیع کی گئی

بندش میں 23 دسمبر 2026ء تک توسیع کی گئی۔ پاکستان ایئر پورٹ اتھارٹی نے بھارتی ایئر لائنز کو پیغام جاری کر دیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 2)

ملک بھر میں ایل پی جی کی قیمتیں کم نہ ہو سکیں، شہریوں کا استحصال جاری

سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ متاثر ایندھن بھی عوام کی پہنچ سے دور ہونے لگا

لاہور (نمائندہ خصوصی) ملک بھر میں ایل پی جی کی قیمتیں کم نہ ہو سکیں، شہریوں کا استحصال جاری ہے۔ سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ متاثر ایندھن بھی عوام کی پہنچ سے دور ہونے لگا ہے۔ ایل پی جی کی بڑھتی قیمت نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ مارکیٹ میں ایل پی جی 500 سے 580 روپے تک فروخت ہو رہی ہے۔ کوئٹہ شہر میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 1)



دلکا برادری کے اتحاد و وقار اور عزت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، رائے قدرانی خان

دلکا برادری معاشرے میں انصاف، قانون کی بالادستی اور آئین کی پاسداری کے لیے بنیادی کردار ادا کر رہی ہے



جڑانوالہ (لیڈی رپورٹر) رائے قدرانی خان کمرل صدر بار ایسوسی ایشن جڑانوالہ نے اپنے بیان میں کہا کہ دلکا برادری معاشرے میں انصاف، قانون کی بالادستی اور آئین کی پاسداری کے لیے بنیادی کردار ادا کر رہی ہے۔ بار ایسوسی ایشن دلکا کے حقوق کے تحفظ، سائلین کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

آئین میں صوبوں کی تشکیل کیلئے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں، اشتر اوصاف

سیاسی جماعتوں کو پہلے اپنے اندر جمہوریت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

لاہور (این این آئی) سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان اشتر اوصاف نے کہا ہے کہ آئین میں صوبوں کی تشکیل کے لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ایک اخباری انٹرویو میں اشتر اوصاف نے کہا کہ سسٹم کو ری سیٹ کرنا ضروری ہے نہ کہ آپ کو ہارڈ ری سیٹ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے چارٹر آف گورننس بنانا چاہیے، قومی اسمبلی، بجٹ اور صوبائی اسمبلی سے دو تہائی اکثریت چاہیے

ایبٹ آباد میں ٹریفک کانسٹیبل کی دلیری، ریورس ہوتا ٹرک روک کر بڑا حادثہ ٹال دیا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایبٹ آباد میں ٹریفک کانسٹیبل کی بروقت کارروائی نے ایک بڑا حادثہ ٹال دیا۔ ریورس ہوتا ٹرک روک کر ٹریفک کانسٹیبل نے ممکنہ جانی نقصان سے بچا لیا۔ ایبٹ آباد پولیس کے مطابق ٹریفک کانسٹیبل ڈیوٹی پر موجود تھا کہ اس دوران ایک ٹرک ریورس ہوتا ہوا تیزی سے پیچھے آیا۔ ٹریفک کانسٹیبل نے فوری طور پر ٹرک کے سامنے آ کر اسے روکا، جس سے ممکنہ حادثہ ٹل گیا۔ ڈرائیور کو بعد ازاں حراست میں لے لیا گیا۔

ڈی آئی جی ٹریفک کی ہدایت پر ٹریفک وارڈنز کی تربیتی ورکشاپ

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈی آئی جی ٹریفک کی ہدایت پر ٹریفک وارڈنز کی تربیتی ورکشاپ منعقد کی گئی۔ ورکشاپ میں ٹریفک وارڈنز کو ٹریفک قوانین، ڈیوٹی کے طریقہ کار اور شہریوں کے ساتھ رویے کے حوالے سے تربیت دی گئی۔ ورکشاپ میں ٹریفک وارڈنز کو ٹریفک قوانین، ڈیوٹی کے طریقہ کار اور شہریوں کے ساتھ رویے کے حوالے سے تربیت دی گئی۔ ورکشاپ میں ٹریفک وارڈنز کو ٹریفک قوانین، ڈیوٹی کے طریقہ کار اور شہریوں کے ساتھ رویے کے حوالے سے تربیت دی گئی۔

ایبٹ آباد میں ٹریفک کانسٹیبل کی دلیری، ریورس ہوتا ٹرک روک کر بڑا حادثہ ٹال دیا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایبٹ آباد میں ٹریفک کانسٹیبل کی بروقت کارروائی نے ایک بڑا حادثہ ٹال دیا۔ ریورس ہوتا ٹرک روک کر ٹریفک کانسٹیبل نے ممکنہ جانی نقصان سے بچا لیا۔ ایبٹ آباد پولیس کے مطابق ٹریفک کانسٹیبل ڈیوٹی پر موجود تھا کہ اس دوران ایک ٹرک ریورس ہوتا ہوا تیزی سے پیچھے آیا۔ ٹریفک کانسٹیبل نے فوری طور پر ٹرک کے سامنے آ کر اسے روکا، جس سے ممکنہ حادثہ ٹل گیا۔ ڈرائیور کو بعد ازاں حراست میں لے لیا گیا۔

ڈی آئی جی ٹریفک کی ہدایت پر ٹریفک وارڈنز کی تربیتی ورکشاپ

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈی آئی جی ٹریفک کی ہدایت پر ٹریفک وارڈنز کی تربیتی ورکشاپ منعقد ک

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ
فیصل آباد
پبلک
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

عوام کی رائے لینا ہی ریفرنڈم ہے

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ عوام کی رائے لینا ہی ریفرنڈم ہے، بڑے قومی فیصلوں پر تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر بات کرنی چاہیے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر وسیع تر مشاورت ضروری ہے، وہ صوبوں کی تشکیل یا تقسیم کے حق یا مخالفت میں کوئی حتمی موقف نہیں دے رہے تاہم کم از کم اس معاملے پر بات تو ہونی چاہیے، پنجاب کی تقسیم کی حمایت اور سندھ کی تقسیم کی مخالفت کے درمیان پاکستان پیپلز پارٹی کے موقف میں پائے جانے والے تضاد کی وضاحت ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ براہ راست جمہوریت، جمہوریت کی ایک اہم اور اعلیٰ شکل ہے، آئین میں ریفرنڈم کی گنجائش اسی لیے رکھی گئی ہے تاکہ اہم قومی معاملات پر عوام سے براہ راست رائے لی جاسکے۔ جب عوامی نمائندے اسمبلیوں میں اپنی رائے دے سکتے ہیں تو عوام کو بھی براہ راست اپنی رائے کے اظہار کا حق حاصل ہے۔ صوبوں کی تقسیم جیسے معاملات پر تمام سیاسی جماعتوں اور متعلقہ قیادت کو اعتماد میں لے کر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 2012 میں پنجاب کو دو صوبوں میں تقسیم کرنے سے متعلق پارلیمنٹ میں پیش کی گئی قراردادوں کو بھی سامنے رکھنا چاہیے۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ عوام پارلیمنٹ اور منتخب نمائندوں سے بھی بڑی حیثیت رکھتے ہیں اور جمہوریت کا اصل مقصد اس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانا ہے۔ عوامی محرومیوں کی وجوہات میں وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، تعلیم، آبادی میں اضافہ، غربت اور بنیادی سہولتوں کی عدم دستیابی شامل ہیں۔ ان مسائل کا حل محض انتظامی تبدیلیوں کے بجائے مؤثر حکمرانی اور وسائل کی منصفانہ تقسیم میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری اور مریم نواز شریف سے توقع ہے کہ وہ پاکستان کو موجودہ بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گی۔ حکومت کی زیادہ ذمہ داری ہے کہ بڑے قومی فیصلوں پر تمام سیاسی جماعتوں اور متعلقہ فریقین کی آرا سننے کے بعد آگے بڑھے اور کسی معاملے میں عجلت سے کام نہ لے۔ 9 مئی کے واقعات سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان نے کہا کہ وہ ان واقعات کو جرم سمجھتے ہیں،

سندھ کی تقسیم پر خونریزی کی وارننگ، ریفرنڈم کو عوامی رائے کا پیمانہ قرار دینے پر سیاسی بحث تیز

تجزیہ پی این پی

پاکستان میں نئے صوبوں کی تشکیل، صوبائی خودمختاری اور انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی کا معاملہ ایک مرتبہ پھر سیاسی بحث کا مرکز بن گیا ہے۔ سندھ کی تقسیم کے حوالے سے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے سخت انتباہ اور وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ کے جوابی موقف نے اس بحث کو ایک نئی جہت دے دی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے واضح کیا ہے کہ اگر سندھ کی تقسیم کے لیے زور زبردستی یا غیر جمہوری طریقہ اختیار کیا گیا تو اس کے سنگین سماجی اور سیاسی نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ ان کے بقول عوام کی تائید کے بغیر کسی صوبے کی تشکیل یا تقسیم معاشرے میں انتشار اور دشمنی کو جنم دے سکتی ہے۔ دوسری جانب عطاء اللہ تارڑ نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر عوام نئے صوبے چاہتے ہیں تو اس خواہش کو پورا کرنے میں رکاوٹ کیوں ہونی چاہیے؟ انہوں نے ریفرنڈم کو عوام کی رائے جاننے کا بہترین ذریعہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبوں کے معاملے پر خون بہانے کی باتیں سمجھ سے بالاتر ہیں۔

تجزیہ پی این پی کے مطابق اس تنازعے کو محض دو سیاسی رہنماؤں کے بیانات یا پیپلز پارٹی اور وفاقی حکومت کے درمیان اختلافات تک محدود کر کے نہیں دیکھا جانا چاہیے۔ درحقیقت یہ بحث پاکستان کے وفاقی نظام، صوبائی شناخت، انتظامی ضروریات، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کے حق رائے دہی جیسے بنیادی سوالات سے جڑی ہوئی ہے۔ نئے صوبوں کی تشکیل دنیا کے مختلف ممالک میں انتظامی بہتری، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اختیار کیا جانے والا ایک معروف طریقہ ہے، تاہم پاکستان جیسے متنوع لسانی، ثقافتی اور تاریخی پس منظر رکھنے والے ملک میں اس نوعیت کی کسی بھی تبدیلی کے لیے غیر معمولی سیاسی بصیرت، آئینی احتیاط اور عوامی اعتماد ضروری ہے۔

بلاول بھٹو زرداری نے کراچی پریس کلب میں میٹ دی پریس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ نظام تباہ نہیں ہوا بلکہ اسے تباہ کرایا گیا ہے اور اس کا علاج سیاسی ری سیٹ میں مضمر ہے۔ ان کے مطابق ملک کو کسی غیر سیاسی تبدیلی کے بجائے ایک ایسے سیاسی عمل کی ضرورت ہے جس کا آغاز پارلیمان سے کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اپوزیشن کا پارلیمان پر اعتماد بحال کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، کیونکہ جمہوری نظام اسی وقت مؤثر انداز میں کام کر سکتا ہے جب حکومت اور حزب اختلاف دونوں پارلیمانی اداروں کو فیصلہ سازی کا معتبر فورم تسلیم کریں۔ ان کے خطاب کا ایک اہم پہلو سیاسی انتقام کے خاتمے اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ تھا۔ بلاول بھٹو زرداری نے عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ ایسا پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں جہاں کوئی شخص وزیراعظم بننے کے بعد جیل جانے کے خدشے میں مبتلا نہ ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تصور قابل قبول نہیں کہ پاکستان کے تمام سابق وزرائے اعظم بدعنوان تھے، اس لیے ہر وزیراعظم کو اقتدار سے علیحدگی کے بعد جیل جانا پڑے۔ ان کے نزدیک سیاسی اختلافات کو انتقامی کارروائیوں کے ذریعے حل کرنے کی روایت ختم ہونی چاہیے اور سیاسی جماعتوں کے درمیان مذاکرات اور مفاہمت کا راستہ اختیار کیا جانا چاہیے۔ بلاول بھٹو نے حکومت کو مشورہ دیا کہ وہ پاکستان تحریک انصاف سے مذاکرات کرے اور اپوزیشن کو قومی معاملات میں شریک کرنے کی کوشش کرے۔ ان کے مطابق اگر پی ٹی آئی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون کے لیے تیار ہو تو سیاسی کشیدگی کم کرنے اور گورنر راج جیسے معاملات پر بھی پیش رفت ممکن ہو سکتی ہے۔

انہوں نے مولانا فضل الرحمان کے کردار کو بھی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کو ان کا اعتماد بحال کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ان کے بقول حکومت پر تنقید کرنا اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور سیاسی اختلاف کو ریاستی یا انتقامی کارروائیوں کا جواز نہیں بننا چاہیے۔ پارلیمانی نظام کے حوالے سے بلاول بھٹو زرداری نے 26ویں اور 27ویں آئینی ترامیم کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 26ویں ترمیم باہمی رضامندی سے منظور ہوئی تھی، جبکہ 27ویں ترمیم کے معاملے میں ایسا اتفاق رائے موجود نہیں تھا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اپوزیشن کی مخصوص نشستیں چھین کر دو ترامیم منظور کرائی گئیں اور اب تیسری ترمیم کی بات کی جارہی ہے۔

ان کے مطابق 27ویں آئینی ترمیم کے بعد سینئر ججوں کے استعفے اس بات کی علامت ہیں کہ عدالتی ادارے کے اندر اعتماد کے حوالے سے سوالات پیدا ہوئے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سب سے پہلے عوام کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کی ضرورت ہے۔ یہاں بنیادی سوال یہ ہے کہ آئینی ترامیم اور ریاستی اداروں میں تبدیلیوں کے لیے محض عددی اکثریت کافی ہے یا قومی سطح پر وسیع تر اتفاق رائے بھی ضروری ہے؟ پارلیمانی جمہوریت میں اکثریت کو قانون سازی کا اختیار حاصل ہوتا ہے، لیکن آئینی نوعیت کے فیصلوں کی پائیداری کے لیے سیاسی جماعتوں، متعلقہ اداروں اور عوامی نمائندوں کے درمیان مشاورت بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔



By Dr. Asia Rafiq and Azan shair
BS English

FAISALABAD, PUNJAB The Brew Corner, a fictional caf business created for this business feature, has been operating in Faisalabad for two years. What began as a small neighbourhood coffee shop has developed a steady customer base of students, office workers and families. Now, its management is preparing a new phase of growth by introducing practical business innovations to improve customer convenience, service quality and environmental responsibility.

A local cafwith a growing customer base

The Brew Corner serves freshly prepared tea and coffee, cold beverages, sandwiches, wraps, bakery items and light meals. Its welcoming seating area gives customers a place to meet friends, hold informal discussions or work between classes and appointments. The cafemploys a manager, trained baristas, kitchen assistants and service staff, while purchasing several ingredients and supplies from local vendors.

During its first two years, the business has learned that customers value more than a good menu. They also expect quick service, clean surroundings, fair prices and consistent taste. The owners therefore want to improve the way the caf operates without losing the friendly atmosphere that helped it attract regular visitors.

The proposed improvements are designed as the next stage of an already-running business, rather than a plan to open a new caf. Management intends to introduce them gradually, collect customer feedback and measure whether each change improves the daily experience.

Digital services for faster visits One major innovation will be a simple mobile ordering and table-booking system. Customers will be able to view the menu, place an order before arriving and choose whether to collect it from the counter or enjoy it in the caf. A digital queue display will help staff organise busy periods and give customers a clearer idea of waiting times.

The caf also plans to introduce a QR-based loyalty programme. Instead of carrying a paper stamp card, customers can scan a code after a purchase and collect points toward selected rewards. The system will help the business understand popular products and offer relevant deals, while customers will be able to check their rewards easily.

Behind the counter, a basic inventory management system will track frequently used ingredients such as coffee beans, milk, tea, flour and packaging. It can alert the manager when stock is running low and help estimate purchasing needs. Better stock records should reduce avoidable waste, prevent popular items from running out and support more accurate cost calculations.

Digital tools will not replace personal service. Staff will still assist customers who prefer to order directly, do not use smartphones or need help understanding the menu. The aim is to provide more choices and reduce unnecessary delays, not to make the caf less welcoming.

Greener operations and a better menu

A second area of improvement focuses on sustainability. The Brew Corner plans to offer a small discount to customers who bring a clean reusable cup. It will also review takeaway packaging and gradually replace selected single-use items with recyclable or reusable alternatives where safe and practical. Separate bins and staff guidance will encourage responsible waste handling.

The menu will be updated using customer suggestions and sales records. New options may include locally inspired drinks, seasonal fruit beverages and affordable snack combinations for students. A clearly marked menu will identify common ingredients and provide useful information for customers with dietary preferences. New products will first be tested in limited batches before becoming permanent items.

To improve energy efficiency, management will replace selected lighting with LED fittings, maintain refrigerators and coffee machines regularly, and review the possibility of installing solar power as finances allow. These steps could help control electricity costs while reducing the businesss environmental impact.

Staff development is another important improvement. Short training sessions will cover coffee preparation, food hygiene, customer communication, safe equipment use and handling complaints. Employees will be encouraged to share ideas because workers who understand daily operations can often identify practical improvements. Scenario note: The Brew Corner is a fictional business; its operations and proposed improvements are illustrative.

سندھ میں فورتھ شیڈول کے 149 افراد زیر نگرانی، مزید 16 نام شامل کرنے کی سفارش

پابندیوں کی خلاف ورزی پر سال 2025 کے دوران دو افراد کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، جبکہ رواں سال اب تک مزید 6 افراد کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات قائم کیے جا چکے ہیں۔

25 افراد جیلوں میں قید، 13 لاپتا اور 6 تاحال قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دسترس سے باہر، خلاف ورزی پر مقدمات درج

کراچی (این این آئی) سندھ میں انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی تعداد بڑھ کر 149 ہو گئی ہے، جبکہ متعلقہ اداروں نے مزید 16 افراد کے نام بھی اس فہرست میں شامل کرنے کی سفارش کر دی ہے۔ سی ٹی ڈی کی رپورٹ کے مطابق فہرست میں شامل افراد میں سے 25 جیلوں میں قید، 13 لاپتا جبکہ 6 افراد تاحال قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دسترس میں نہیں آ سکے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے اور ان پر عائد قانونی پابندیوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا نظام مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ ان افراد کو ہر ہفتے متعلقہ تھانے اور ہر ماہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) میں حاضری لگانے کا پابند کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق کراچی میں فورتھ شیڈول کے تحت سب سے زیادہ 32 افراد ضلع ایسٹ میں شامل ہیں، جبکہ ضلع ویسٹ میں 23، سینٹرل میں 17، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

فاروق رحمانی کا مقبوضہ جموں و کشمیر میں بڑھتے ہوئے بھارتی مظالم پر اظہار تشویش

پابندیوں، چھاپوں اور طاقت کے بے دریغ استعمال کے باعث متاثرہ علاقوں کے لوگ ناقابل بیان مصائب کا شکار ہیں

اسلام آباد (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے سابق کنوینر محمد فاروق رحمانی نے بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز کی طرف سے محاصرے اور تلاشی کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں اور بے گناہ کشمیری نوجوانوں کے ماورائے عدالت قتل کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محمد فاروق رحمانی نے اسلام آباد سے جاری ایک بیان میں کہا کہ پابندیوں، چھاپوں اور طاقت کے بے دریغ استعمال کے باعث متاثرہ علاقوں کے لوگ ناقابل بیان مصائب کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فورسز نے حالیہ دنوں کے دوران تلاشی آپریشنوں میں شدت لائی ہے، ضلع کولگام کا بڑے پیمانے پر محاصرہ کیا گیا اور مقامی آبادی کو مظالم کا نشانہ بنانے کے ساتھ ساتھ اب تک دو بے گناہ نوجوان شہید کیے گئے

سندھ ہائی کورٹ کا ڈی جی پاسپورٹ کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم

بچوں کو پاسپورٹ جاری نہ کرنے پر توہین عدالت کی درخواست، عدالتی احکامات کے باوجود نومبر 2024 سے معاملہ زیر التوا ہے، سماعت یکم دسمبر تک ملتوی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے بچوں کو پاسپورٹ جاری نہ کرنے سے متعلق توہین عدالت کی درخواست پر ڈائریکٹر جنرل پاسپورٹ اینڈ امیگریشن کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائی کورٹ میں ڈی جی پاسپورٹ اینڈ امیگریشن کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست کی سماعت ہوئی، جس میں درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ عدالت نے اکتوبر 2024 میں پاسپورٹ کے اجرا سے متعلق درخواستوں پر قانون کے مطابق کارروائی کرنے کا حکم دیا تھا، تاہم عدالتی احکامات کے باوجود درخواست گزار کے بچوں کو پاسپورٹ جاری نہیں کیے جا رہے۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ عدالتی حکم کی روشنی میں نومبر 2024 میں بچوں کے پاسپورٹ کے اجرا کے لیے درخواستیں جمع کرائی گئی تھیں، لیکن تاحال پاسپورٹ حکام کے پاس معاملہ تعطل کا شکار ہے۔ درخواست کے مطابق جابر مختار پاکستانی اور سعودی عرب کی شہریت رکھتے ہیں۔ ان کی دو بیویاں اور 10 بچے ہیں۔ درخواست گزار کے پاس پاکستانی پاسپورٹ موجود ہے، تاہم ان کے بچوں کو پاسپورٹ جاری نہیں کیے جا رہے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد ڈی جی پاسپورٹ اینڈ امیگریشن کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیتے ہوئے مزید سماعت یکم دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب / اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ
تصدیق انتقال موضع وراثت موضع کری والا تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال احمد علی ولد محمد کے وارثان بچیاں، محمد والدین سرداراں بی بی زوجہ پہلے فوتشدگان، محمد پرویز، محمد جاوید، ذوالفقار علی، محمد شیر، نجمہ بی بی، طاہرہ بی بی، سمیرا بی بی پسران و دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب / اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ
تصدیق انتقال وراثت موضع لک بدھڑ تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال نجمہ اسلم دختر نذیر احمد کے وارثان رشیدہ چوہدری، نذیر احمد والدین محمد احمد اسلم خاوند پہلے فوتشدگان، عزیم اسلم، نادیہ بلال پسر و دختر زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب عاصمہ سعید صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور
دعویٰ تنسیخ نکاح و دلا پانے خرچہ نان و نفقہ وغیرہ
عنوان: کشور بی بی بنام تسیم عباس
اشتہار اخبار بنام: تسیم عباس ولد محمد انور سکنہ منڈی حبیب آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور۔
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 28.11.2026 وقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب یمنہ کامران صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور
دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع
عنوان: مسماۃ عائشہ بنام محمد عرفان ریاض
اشتہار اخبار بنام: محمد عرفان ریاض ولد محمد ریاض سکنہ المدینہ ٹاؤن فیز۔ 2 تحصیل و ضلع گوجرانوالہ۔
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ تعمیل سمن کے بارے میں گریزاں ہیں ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 03.12.2026 وقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

حرمین شریفین کا تحفظ و دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے، عبدالرشید حجازی

سعودی عرب و حرمین شریفین کی سلامتی حکومت و افواج پاکستان کی اولین ترجیح ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی اور خالد محمود اعظم آبادی نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی جانب حوثی باغیوں اور اغیار کے بار بار ڈرون حملے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب و حرمین شریفین کی سلامتی حکومت و افواج پاکستان کی اولین ترجیح ہے کیونکہ حرمین شریفین کا تحفظ و دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یمن کے حوثی باغی ہوں یا پھر فتنہ الہندوستان و فتنہ الخوارج یہ سب شیطانی ٹولہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

ایڈیشنل آئی جی کی کراچی میں جرائم کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت

اسٹریٹ کرائم، منشیات فروشی، قتل، اغوا اور گاڑیوں کی چوری سمیت جرائم کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کی زیر صدارت کراچی پولیس آفس میں امن و امان اور انسداد جرائم کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر میں جرائم کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی ایڈمن، زونل ڈی آئی جیز، ڈی آئی جی سی آئی اے، ضلعی ایس ایس پیز سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اسٹریٹ کرائم، منشیات فروشی، قتل، اغوا، بھتہ خوری اور گاڑیوں کی چوری سمیت دیگر جرائم سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔

برازیل نے ترقی پذیر ممالک کے ماحولیاتی تحفظ کے لیے عالمی جنگلاتی فنڈ کے باضابطہ اجرا کا اعلان کر دیا

امیر ممالک، عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے ابتدائی طور پر دس ارب ڈالر جمع کر لیے گئے، سربراہی کانفرنس

برازیلیا (این این آئی) برازیل کی حکومت نے دنیا بھر کے برساتی جنگلات کو تباہی سے بچانے، ماحولیاتی تحفظ کے منصوبوں کی مالی معاونت کے لیے ایک مستقل عالمی جنگلاتی فنڈ کے باضابطہ قیام اور اجرا کا اعلان کر دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برازیلیا میں منعقدہ عالمی ماحولیاتی سربراہی اجلاس کے اختتام پر برازیل کے صدر نے بتایا کہ اس فنڈ کے لیے ترقی یافتہ ممالک، عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے ابتدائی طور پر دس ارب ڈالر کی رقم جمع کر لی گئی ہے۔

سکھر میں بجلی چوری پر ہاسٹل مالک کے خلاف مقدمہ درج

ایف آئی اے نے سیپکو کی بجلی کی لائن سے غیر قانونی کنڈا لگا کر بجلی استعمال کرنے کا الزام ثابت ہونے پر کارروائی کی

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل سکھر نے بجلی کی غیر قانونی کنکشن کے ذریعے چوری کے الزام میں ہاسٹل مالک محمد اعظم لاشاری کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق متعلقہ حکام کی ہدایات پر ٹیم نے سکھر کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی میں واقع اعظم ہاسٹل پر کارروائی کی، جہاں مبینہ طور پر ملزم سیپکو کی اے بی سی ڈسٹری بیوشن لائن سے غیر قانونی براہ راست کنکشن (کنڈا) لگا کر بجلی استعمال کر رہا تھا۔ بتایا گیا ہے کہ واجبات کی عدم ادائیگی کے باعث ہاسٹل کا بجلی میٹر پہلے ہی منقطع کیا جا چکا تھا۔ ایف آئی اے ٹیم کے معائنے کے دوران غیر قانونی کنکشن پر 7.37 کلوواٹ لوڈ پایا گیا، جس کے ذریعے مبینہ طور پر 6 ہزار 594 یونٹس بجلی استعمال کی گئی، جس سے سیپکو کو مالی نقصان پہنچا۔ ایف آئی اے نے واقعے کا مقدمہ نمبر 20/2026، پاکستان پینل کوڈ کی دفعات 462(I) اور 109 کے تحت ایف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

ٹھٹھہ پولیس کی کارروائیاں، 8 ملزمان گرفتار

7 منشیات فروشوں اور ایک گٹکا فروش کے قبضے سے 77 بیگز دیسی شراب، کرسٹل آئس اور 120 پڑیاں گٹکا ماوا برآمد

ٹھٹھہ (این این آئی) ٹھٹھہ پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 7 منشیات فروشوں اور ایک گٹکا فروش سمیت 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے 77 بیگز دیسی شراب، 10 گرام کرسٹل آئس اور 120 پڑیاں گٹکا ماوا برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گھوڑا باڑی سب انسپکٹر اللہ وسایو دھرپی اور انچارج پولیس پوسٹ بیر پچھو اے ایس آئی فیاض عمرانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے محمد حسن ولد محمد عمر میربحر کو 10 گرام کرسٹل آئس، جبکہ رفیق احمد ولد چنگیز سومرو اور نیجمی ولد سانون کورو لائی ملاح کو 32 بیگز دیسی شراب سمیت گرفتار کیا۔ اسی طرح ایس ایچ او تھانہ ٹھٹھہ انسپکٹر ریاض حسین سومرو اور انچارج پولیس پوسٹ گھارو سوری اے ایس آئی فرمان علی بھٹو نے کارروائی کرتے ہوئے قادر بخش ولد غفار محمد ملاح، سکندر ولد گھنوں پورچو اور محمد طیب عرف ابو ولد عبدالخالق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



فیصل آباد: معروف سیاسی و سماجی شخصیت ڈاکٹر محمد یاسین کے بہنوئی اور عمر عبداللہ گجر ایڈووکیٹ کے پھوپھا جان اور چوہدری انیس کے ماموں کی نماز جنازہ میں چوہدری شہزاد گجر، رانا عدنان، چوہدری آصف فرید، میاں عثمان، رانا ذوالفقار علی، رانا ارسلان، چوہدری شاہد گجر، چوہدری موید گجر، چوہدری اشرف و دیگر شریک ہیں

بلاول بھٹو کا بیان پورے پاکستان کے لیے دھمکی ہے، خالد مقبول صدیقی

سندھ کے شہری علاقوں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے، خونریزی سے متعلق بیان پر عدالتیں از خود نوٹس لیں، چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سربراہ اور وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے نئے صوبوں کے مطالبے پر خونریزی سے متعلق بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، بلاول بھٹو کا بیان پورے پاکستان کے لیے دھمکی کے مترادف ہے اور اس پر عدالتوں کو از خود نوٹس لینا چاہیے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ اب صرف شہری سندھ تک محدود نہیں رہا بلکہ پورے پاکستان میں اس پر بات ہو رہی ہے۔ جو مطالبہ پہلے شہری سندھ میں کیا جاتا تھا، آج وہ ملک بھر میں زیر بحث ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ اگر پاکستان کے مختلف حصوں میں نئے صوبوں کا مطالبہ کیا جا رہا ہے تو اس پر خونریزی کی بات کیوں کی جاتی ہے؟ پورے ملک میں صوبے بنتے ہیں تو خونریزی صرف سندھ، کراچی، حیدرآباد اور میرپورخاص میں کیوں ہوگی؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلاول بھٹو زرداری کے بیان کا متعلقہ ادارے نوٹس لیں۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ امن و امان قائم کرنے کے ذمہ دار اداروں کو بھی اس بیان کا نوٹس لینا چاہیے۔ ان کے بقول سندھ کے شہری علاقے نہ کسی کے ہاری ہیں اور نہ غلام، انہیں کسی کی جاگیر نہیں بننے دیا جائے گا۔

لاڑکانہ پولیس کی کارروائی، 30 لاکھ روپے انعام یافتہ ڈاکو سمیت دو ملزمان گرفتار

اویس کھکھرانی اور احسان کھکھرانی سوول چوکڑی سے گرفتار، ملزمان کے قبضے سے اسلحہ برآمد؛ وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار کی پولیس ٹیم کو شاباش

کراچی (این این آئی) لاڑکانہ پولیس نے تھانہ نوڈیرو کی حدود میں سوول چوکڑی کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے 30 لاکھ روپے انعام یافتہ ڈاکو اویس کھکھرانی سمیت دو مطلوب ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ہونے والے دوسرے ملزم کی شناخت احسان کھکھرانی کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزم اویس کھکھرانی کے خلاف مختلف اضلاع کے تھانوں میں قتل، اقدام قتل، ڈکیتی اور پولیس مقابلوں سمیت متعدد سنگین مقدمات درج ہیں، جبکہ احسان کھکھرانی بھی قتل، اقدام قتل اور پولیس مقابلوں کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ دونوں ملزمان کی گرفتاری کو لاڑکانہ، شکارپور اور ملحقہ علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ ایس ایس پی لاڑکانہ اظہر خان کی قیادت میں پولیس کی حکمت عملی کے نتیجے میں مطلوب اور روپوش ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے کامیاب کارروائی پر ڈی آئی جی لاڑکانہ، ایس ایس پی لاڑکانہ اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ خطرناک جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری پولیس کی پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔

باسکٹ بال ایسوسی ایشن کا 30 نومبر کو پیپلز پارٹی کا یوم تاسیس منانے کا اعلان

وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر کے سندھ گیمز اور پنک گیمز کے انعقاد کے اعلان پر اظہار تشکر

کراچی (این این آئی) سندھ اور کراچی باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے سرپرست غلام محمد خان نے صوبائی وزیر کھیل سردار محمد بخش خان مہر کے سندھ گیمز اور پنک گیمز کے انعقاد اور ان کی تاریخوں کے اعلان پر اظہار تشکر کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں غلام محمد خان نے کہا کہ صوبائی وزیر کھیل نے اپنے وعدوں اور اعلانات کو عملی جامہ پہنا کر کھیلوں کے فروغ کے لیے اہم قدم اٹھایا ہے۔ سندھ باسکٹ بال ایسوسی ایشن اپنے صدر غلام عباس جمال چوہدری اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

سرگودھا، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہ گروپ اور الفراست گروپ کا مشترکہ پینل سے الیکشن لڑنے کا اعلان

سرگودھا (این این آئی) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں یونٹی لائرز فورم کے شاہ گروپ اور الفراست گروپ نے مشترکہ پینل سے الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا جس میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

ایل پی جی کی قیمتوں میں 200 روپے فی کلو تک کمی کا امکان

پورٹ قاسم پر چھ روز کے دوران چھ بحری جہازوں سے 55 ہزار 417 میٹرک ٹن گیس اتاری گئی، شہر میں فی کلو قیمت 480 سے 550 روپے تک برقرار

کراچی (این این آئی) ملک میں سردیوں سے قبل مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی طلب پوری کرنے اور رسد میں اضافے کے لیے درآمدی کھیپوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ پورٹ قاسم پر چھ روز کے دوران ایل پی جی کے چھ بحری جہاز لنگر انداز ہوئے، جن کے ذریعے مجموعی طور پر 55 ہزار 417 میٹرک ٹن گیس اتاری گئی۔ رسد میں اضافے کے باعث ایل پی جی کی قیمتوں میں 150 سے 200 روپے فی کلو تک کمی کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق 14 نومبر کو پورٹ قاسم پہنچنے والے ایک بحری جہاز کے ذریعے ایک ہزار 621 میٹرک ٹن ایل پی جی درآمد کی گئی، جبکہ اسی روز وکٹوریا کوسان نامی جہاز 4 ہزار 387 میٹرک ٹن گیس لے کر لنگر انداز ہوا۔ 16 نومبر کو پیشنگ اسٹار نامی جہاز 12 ہزار 115 میٹرک ٹن ایل پی جی کے ساتھ پورٹ قاسم پہنچا۔ اس کے بعد 17 نومبر کو لیونارڈو کوسان نامی جہاز کے ذریعے 3 ہزار 877 میٹرک ٹن جبکہ الیسا ون نامی جہاز سے 3 ہزار 551 میٹرک ٹن ایل پی جی درآمد کی گئی۔

CamScanner

بقیہ نمبر 1

ہے جو کہ بدامنی پھیلانا چاہتے ہیں۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ و دفاع اور قومی سلامت کے لیے آخری حد تک قائم رہے گی۔ علامہ عبدالرشید تجازی کی تعزیت کرتے ہوئے امیر جمعیت علامہ ساجد میر نے کہا کہ تجازی صاحب مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان، مرکزی ناظم اعلیٰ علامہ عبدالرشید تجازی، سید سلیمان شاہ نقوی، علامہ معظم الحق تھہیم، پروفیسر مظہر یاسین ظفر، حافظ محمد یونس آزاد، پروفیسر صلاح الدین، حافظ عبدالقادر، حافظ سلمان الاظم، حافظ عبدالغفار کی، ملک سلمان منگلہ و دیگر مرکزی وصوبائی ذمہ داران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ جب پوری سوچی ہوئی تیاری، توانائیوں اور صلاحیتوں کے ساتھ حرمین شریفین کے تحفظ و دفاع کے لیے انہیں بیدار کرنا انتہائی قابل ستائش و قابل فخر کارنامہ ہے۔ کیونکہ پاکستان میں بدامنی، دہشتگردی اور فتنہ و فساد میں ملوث عناصر پر قابو پانے اور دوسری طرف حوثی باغی کو کمزور کرنے کے خواب دیکھ رہے ہیں ایسے حالات میں مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ساتھ وابستہ لاکھوں افراد نے میدان عمل میں نکل کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کو بچانے کے لیے میدان عمل میں نکلے ہیں اور آخری حد تک شریفین اور پاکستان کے دفاع و استحکام کے لیے ہر قربانی دینے کا عزم کرتے ہیں ۔ قائدین مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان جب بھی اشارہ کرے گے تو ہم سب جمعیت اہلحدیث اور استحکام کے ساتھ تحفظ حرمین شریفین کے لیے کٹ مرنے اپنے لیے باعث فخر وسعادت سمجھے گے ۔) ان شاءاللہ تعالیٰ)

بقیہ نمبر 2

سٹی میں 13، کوٹلی میں 10، نیلاری اور ملیر میں چار، چار جبکہ ضلع ساتھ میں دو افراد اس فہرست کا حصہ ہیں۔ کراچی کے علاوہ سندھ کے مختلف اضلاع میں بھی فورتھ شیڈول میں شامل افراد کی موجودگی رپورٹ ہوئی ہے۔ لانگ مارچ میں 6، خضدار ویلفیئر ونگ میں 5، ساڑھے تین درجن سے زائد افراد کی موجودگی رپورٹ ہوئی ہے۔ 5 ہزار سے زائد افراد کی فورتھ شیڈول میں شمولیت کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ سکھر میں 5 ہزار 3 سو افراد کی موجودگی رپورٹ ہوئی ہے۔ ان افراد کی اکثریت کا تعلق کالعدم تنظیم سے ہے۔ ان میں سے 9 افراد کو فورتھ شیڈول سے نکالا گیا ہے۔ 6، فخرالدین فیروز میں 5، ساڑھے تین درجن سے زائد افراد کی موجودگی رپورٹ ہوئی ہے۔ ان افراد کی اکثریت کا تعلق کالعدم تنظیم سے ہے۔

وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کا تحصیل تاندلیانوالہ اور فیصل آباد کا دورہ

جڑانوالہ، تاندلیانوالہ، چک جمیرہ میں پی ڈی پی منصوبے مکمل کرائے جا رہے ہیں، وزیراعلیٰ مریم نواز نے شہروں کی بیوٹیفکیشن پر خصوصی توجہ مرکوز کر رکھی ہے

ڈپٹی کمشنر فیصل آباد محمد نعمان صدیق نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام اور ستھرا پنجاب پروگرام پر صوبائی وزیر کو بریفنگ دی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے تحصیل تاندلیانوالہ اور فیصل آباد کا دورہ کیا اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کی سکیموں، ستھرا پنجاب پروگرام کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر بلدیات نے فیصل آباد کی 3 تحصیلوں میں بیوٹیفکیشن پراجیکٹس ڈیزائن 3 دن میں فراہم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ پی ڈی پی پر ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جڑانوالہ، تاندلیانوالہ، چک جمیرہ میں پی ڈی پی منصوبے مکمل کرائے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے شہروں کی بیوٹیفکیشن پر خصوصی توجہ مرکوز کر رکھی ہے اور پی ڈی پی مریم نواز حکومت کا انقلاب آفریں پروگرام ہے۔ انہوں نے کہا کہ سموگ کے تدارک کے لئے جاری ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد محمد نعمان صدیق نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام اور ستھرا پنجاب پروگرام پر صوبائی وزیر کو بریفنگ دی۔ رکن قومی اسمبلی بلال بدر چوہدری بھی موجود تھے۔ قبل ازیں وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے تحصیل تاندلیانوالہ میں پی ڈی پی مریم نواز سکیموں پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 53)

اسحاق ڈار سے وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک کی ملاقات

ایس سی او کے تھنک ٹینک مکالمے میں پاکستان کی شرکت کے حوالے سے تبادلہ خیال



اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق مسعود ملک نے وزارت خارجہ میں ملاقات کی اور شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تھنک ٹینک مکالمے میں پاکستان کی شرکت کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تھنک ٹینک مکالمے میں پاکستان کی شرکت کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

چنار کلب فیصل آباد میں پیغام پاکستان امن کانفرنس کا انعقاد

کانفرنس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان خطیب وامام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کی

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ، آر پی او انعام الرحمٰن ملک، ڈپٹی کمشنرز، سی پی او فیصل آباد، ڈی پی اوز بھی موجود تھے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چنار کلب فیصل آباد میں پیغام پاکستان امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس کا موضوع تحفظ حرمین شریفین، مذہبی ہم آہنگی، احترام انسانیت، منبر ومحراب و مدارس دینیہ کا کردار اور پیغام پاکستان کا فروغ تھا۔ اس کانفرنس کا مقصد عالمی امن کے قیام میں پاکستان کا کردار، فتح معرکہ حق کی کامیابی، دفاع حرمین شریفین کیلئے سعودی عرب اور ترکی کے مابین باہمی دفاعی معاہدہ اور پیغام پاکستان کا فروغ ہے، پاکستان میں قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی، فتنہ الخوارج و فتنہ الہندوستان کا خاتمہ، پاکستان کا عظیم بیانیہ پیغام پاکستان کی آواز کو ہر گھر تک پہنچانا ہے، منبر ومحراب و مدارس دینیہ اور معاشرے میں نوجوان کا کردار جبکہ اس کانفرنس میں وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور امت مسلمہ کے ہیرو عظیم سپہ سالار فیلڈ مارشل جنرل حافظ سید عاصم منیر کی عالمی سطح پر عظیم امن خدمات کو خراج تحسین بھی پیش کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان خطیب وامام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)



فیصل آباد۔ پیغام پاکستان امن کانفرنس کے دوران چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد، کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ، آر پی او انعام الرحمٰن، ڈپٹی کمشنرز، سی پی او، ڈی پی اوز اور علماء کرام ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں

پی پی جمہوریت کی دعوے دار ہے تو ریفرنڈم میں ہچکچاہٹ کیوں؟ طارق فضل چوہدری

عوام کو بولنے دیں، ان کی رائے کا احترام کریں اور جو فیصلہ عوام دیں اسے تسلیم کریں یہی جمہوری رویہ ہے، وفاقی وزیر



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی جمہوریت اور آئین کی بالادستی کی دعوے دار ہے تو پھر نئے صوبوں کے معاملے میں عوام سے رائے لینے میں ہچکچاہٹ کیوں؟۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پوسٹ میں انہوں نے لکھا کہ سعید غنی صاحب کا موقف سنا، میرا سوال نہایت سادہ اور اصولی ہے اگر عوام اپنے مستقبل، بہتر سہولیات اور موثر گورننس کے حوالے سے اپنی رائے دینا چاہتے ہیں تو انہیں اس حق سے محروم کیوں رکھا جا رہا ہے؟ عوامی رائے سامنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 52)

پٹرولیم کی قیمتوں میں کمی خوش آئند ہے لیکن اصل مسئلہ پٹرولیم لیوی کا ہے

آئی پی پیز اور پٹرولیم لیوی کے معیشت، زراعت، صنعت، تجارت پر بوجھ ہے، عثمان باجوہ



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر این اے 95 سردار عثمان نواز باجوہ، پی پی جمیرہ کے تحصیل صدر سردار علی نواز باجوہ و عہدیداران نے کہا کہ پٹرولیم کی قیمتوں میں کمی خوش آئند ہے لیکن اصل مسئلہ پٹرولیم لیوی کا ہے، لیوی بھتہ ٹیکس ہے، لیوی ٹیکس واپس لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز اور پٹرولیم لیوی کے معیشت، زراعت، صنعت، تجارت پر بوجھ ہے، اس میں کمی سے ہی معیشت کا پہیہ چلے گا اور بیروزگاری میں بھی کمی آئے گی اب یہ وزیراعظم اور اُن کی ٹیم پر منحصر ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 51)



شانگلہ لپوری پل کے دوسرے جانب تجاوزات کے خلاف اپریشن کے دوران عمارتوں کے اضافی حصے، پی سی سی پارز ہیم اور مجھے جو کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتا ہیں

روز بروز بڑھتی ہوئی اعصاب شکن مہنگائی نے غریب عوام کا جینا محال کر دیا ہے

موجودہ معاشی بحران کی کاری ضرب میں عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، رانا عامر محمود

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سمندری کے سٹی صدر رانا عامر محمود خاں نے کہا کہ روز بروز بڑھتی ہوئی اعصاب شکن مہنگائی نے غریب عوام کا جینا محال کر دیا ہے موجودہ معاشی بحران کی کاری ضرب میں عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، ایل پی جی گیس کی قیمت حد سے زیادہ تجاوز کر گئی گھریلو صارفین چھ سو روپے فی کلو گیس خریدنے پر مجبور ہو چکے ہیں حکومتی عوام دشمن فیصلوں سے ملک بھر سمیت، شہر شہر قریہ قریہ لوگ چیخ اٹھے کہ تواتر کی قیمتوں میں بار بار اضافہ کیوں کیا جا رہا ہے؟ بجلی کے بلوں میں الگ سے لوٹا جا رہا ہے جبکہ ایل پی جی گیس کی قیمتیں بلاجواز بڑھا کر معاشی استحصال کی حد کر کے رکھ دی،

شاہراہ قراقرم کی بندش سے دونوں اطراف سینکڑوں گاڑیوں میں سوار ہزاروں مسافر، سیاح اور مال بردار ٹرانسپورٹ پھنس کر رہ گئی

شانگلہ (این این آئی) گلگت بلتستان کو ملک کے دیگر حصوں سے ملانے والی اہم شاہراہ قراقرم اپر کوہستان کے مقام چوچنگ میں شدید لینڈ سلائیڈنگ کے باعث گزشتہ تین روز سے ہر قسم کی ٹریفک کیلئے مکمل طور پر بند ہیں



فیصل آباد۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق ڈی سی آفس فیصل آباد میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام اور ستھرا پنجاب پروگرام پر محکمہ آمد کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے جبکہ ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق بریفنگ دے رہے ہیں

گلوکار رفیل خان سنجرانی کی چوری شدہ گاڑی برآمد

پولیس نے ناظم آباد کے قریب سے گاڑی برآمد کی، گلوکار رفیل خان پولیس کے شکر گزار

کراچی (این این آئی) معروف گلوکار رفیل سنجرانی چوری شدہ گاڑی برآمد ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق معروف گلوکار رفیل سنجرانی کی گاڑی بلدیہ ٹاؤن کے اسپتال کے باہر سے گزشتہ روز چوری ہوئی تھی جس پر انہوں نے شدید احتجاج کیا اور پولیس کو گاڑی برآمدگی کیلئے الٹی میٹم دیا تھا۔ گلوکار رفیل سنجرانی نے گاڑی چوری کا مقدمہ مدینہ کالونی تھانے میں درج کروایا جس کے متن میں کہا گیا کہ طبی معائنے کے بعد اسپتال سے باہر آئے تو گاڑی غائب تھی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے چوری شدہ گاڑی کی تلاش شروع کی اور ناظم آباد میں قائم سرکاری اسپتال کے قریب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

پولیس تھانہ ٹوبی نے نوجوان کے قتل میں 11 سالوں سے مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا

صوابی (این این آئی) پولیس تھانہ ٹوبی نے نوجوان کے قتل میں 11 سالوں سے مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا، ڈی پی او آفس سے جاری پریس ریلیز کے مطابق مورخہ 03 اکتوبر 2015 کو سید ولی شاہ سکنہ پونیا نے تھانہ ٹوبی میں رپورٹ درج کراتے ہوئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی عالمی رینکنگ میں بڑی کامیابی

پائیداری رینکنگ 2027 میں عالمی سطح پر 857ویں، پاکستان میں نویں پوزیشن حاصل کر لی

فیصل آباد (پ ر) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے کیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگز پائیداری 2027 میں عالمی سطح پر 857ویں پوزیشن حاصل کر لی ہے، جبکہ پاکستان کی جامعات میں نویں اور صوبہ پنجاب کی جامعات میں پانچویں پوزیشن حاصل کی ہے۔ یونیورسٹی نے گزشتہ سال کے مقابلے میں اپنی عالمی درجہ بندی میں 394 درجے بہتری حاصل کی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رف اعظم نے اس نمایاں کامیابی پر یونیورسٹی کے اساتذہ، محققین، طلبہ اور انتظامی عملے کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی پوری یونیورسٹی کی مشترکہ کاوشوں اور عزم کا نتیجہ ہے۔

اور کزئی میں امن ومترقی کیلئے جی او کا قبائلی مشران کے ساتھ گرینڈ جرگہ، ترقیاتی پیکجز، سڑکوں کی تعمیر، یونیورسٹی اور میڈیکل کالج کے قیام کا گفتگو

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع اور کزئی کی لوئر تحصیل ہیڈ کوارٹر کلایہ میں جنرل آفیسر کمانڈنگ (جی او سی) 9 ڈویژن کوہاٹ میجر جنرل شاہد افسر کی زیر صدارت امن و امان اور علاقے کی ترقی سے متعلق قبائلی رہنماؤں اور مشران کا ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوا۔ جرگے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

آپریشن کے دوران مسمار کی گئی عمارتوں کے خطرناک ملبے، ٹوٹے ہوئے لینٹرز، پلرز، چھجوں مناسب طریقے سے نہ ہٹانے سے حادثے کا خدشہ

شانگلہ (این این آئی) شانگلہ کے صدر مقام الپوری سمیت شانگلہ بھر میں تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کے دوران مسمار کی گئی عمارتوں کے خطرناک ملبے، ٹوٹے ہوئے لینٹرز، پلرز، چھجوں اور دیگر تعمیراتی حصوں کو مناسب طریقے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

انٹر بورڈز سپورٹس کمیٹی کے اراکین کے لیے تین روزہ ریفریشر کورس کراچی میں منعقد ہوا

جس میں ملک بھر کے تعلیمی بورڈز کے ڈائریکٹرز سپورٹس اور سپورٹس کمیٹی کے نمائندگان نے شرکت کی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انٹر بورڈز سپورٹس کمیٹی کے اراکین کے لیے تین روزہ ریفریشر کورس کراچی میں منعقد ہوا جس میں ملک بھر کے تعلیمی بورڈز کے ڈائریکٹرز سپورٹس اور سپورٹس کمیٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ کورس کا بنیادی مقصد مختلف کھیلوں کے قوانین، قواعد وضوابط اور جدید کھیلوں کے تقاضوں سے متعلق آگاہی فراہم کرنا اور کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد میں پیشہ ورانہ مہارتوں کو مزید بہتر بنانا تھا۔ ریفریشر کورس کے دوران نیشنل اور انٹرنیشنل سطح کے متعدد آفیشلز نے مختلف کھیلوں کے نئے اور اپ ڈیٹ شدہ رولز کے حوالے سے شرکاء کو خصوصی تربیت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عام آدمی تک پہنچایا جائے، شکور گجر

ایل پی جی کی بڑھتی قیمتوں کو بھی کنٹرول کیا جائے، سیاسی وکاروباری شخصیت کا بیان



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 114 چوہدری شکور گجر نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی خوش آئند اقدام ہے تاہم اس کے حقیقی ثمرات نچلی سطح تک عام عوام تک پہنچانا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ پٹرول کی قیمتوں میں کمی کے بعد ٹرانسپورٹ کے کرایوں، اشیائے خورونوش اور روز مرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

بھارت کی آبی جارحیت کا بلا تاخیر سخت نوٹس لینا ہوگا، حافظ طاہر جمیل

پنجاب میں پانی کی کم ہوتی ہوئی دستیابی پر یو این کی رپورٹ لمحہ فکریہ ہے، صدر منٹگمری بازار



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران منٹگمری بازار کے صدر اور سپریم انجمن تاجران سٹی کے وائس چیئرمین حافظ طاہر جمیل نے کہا ہے کہ پنجاب میں پانی کی عدم دستیابی کے حوالے سے یو این کی رپورٹ لمحہ فکریہ ہے، بھارت کی آبی جارحیت کا سخت جواب دینے کی ضرورت ہے، بھارت پاکستان کو ریگستان بنانے کے ایجنڈے پر کام کر رہا ہے، سندھ طاس معاہدہ کی معطلی لاقانونیت ہے، انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی موجودہ حکو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

پنجاب میں جو سیاسی افراتفری پھیلائی جا رہی ہے، ہاشم توصیف

مسلم لیگ ن کے اندر چھپی کالی بھیڑوں کا محاسبہ کرنا وقت کا تقاضا ہے



فیصل آباد (پ ر) ضلعی صدر ایم ایف اے، کوارڈی نیٹر وزیر تعلیم پنجاب ضلع فیصل آباد ہاشم توصیف خان نے کہا ہے کہ پنجاب میں جو سیاسی افراتفری پھیلائی جا رہی ہے اور جو کردار ذاتی مفاد کے لئے اس کھیل کا حصہ بن رہے ہیں وہ تاریخ کا مشاہدہ کر لیں جس جس نے بھی نواز شریف سے غداری کی وہ عوامی مقبولیت کھو بیٹھتا ہے، ماضی سے سبق سیکھیں اور سیاست عبادت کا درجہ رکھتی ہے ایسے میں بعض (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

بے روزگاری کا سیلاب اچکا ہے، رائے شہادت خاں کھرل

ہزاروں مزدوروں کے گھروں میں غربت کا راج قائم ہو چکا ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے تحصیل صدر وایم پی اے کے امیدوار رائے شہادت خاں کھرل نے کہا کہ بے روزگاری کا سیلاب اچکا ہے ہزاروں مزدوروں کے گھروں میں غربت کا راج قائم ہو چکا ہے معصوم بچے دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں فیصل آباد پچاس فیصد سے زائد صنعتی ادارے اور پاور لومز بند ہو چکی ہے غریب آدمی بدترین مہنگائی کا شکار ہے عام آدمی کا کوئی پرسان حال نہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کا ادارے کے مختلف دفاتر کا دورہ

عوامی خدمت سے وابستہ ادارے میں شہریوں کی سہولت، ان کے مسائل کا بروقت حل اور خدمات کی فراہمی میں بہتری بنیادی اہمیت کی حامل ہے

عوامی خدمت سے وابستہ ادارے میں شہریوں کی سہولت، ان کے مسائل کا بروقت حل اور خدمات کی فراہمی میں بہتری بنیادی اہمیت کی حامل ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری نے ادارے کے مختلف دفاتر کا اچانک دورہ کر کے دفتری امور، نظم وضبط، صفائی ستھرائی اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سروسز کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر آئی ٹی یاسر اعجاز چٹھہ، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی عبداللہ نور، پی ایس او شبیر ساجد گجر اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے مختلف دفاتر میں عملے کی حاضری، دفتری ماحول، انتظامی امور اور درخواست گزاروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ دفاتر میں نظم وضبط، صفائی ستھرائی اور خوشگوار ماحول کو ہر صورت برقرار رکھا جائے تاکہ شہریوں کو اپنے مسائل کے حل اور مختلف امور کی انجام دہی کے لیے بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ دفاتر میں آنے والے درخواست گزاروں کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا جائے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)



فیصل آباد: ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کا ادارے کے مختلف دفاتر کا دورہ، عملے سے خطاب

ایس ایم ایز ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

عارف احسان

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے بھی آسانی سے بینکوں سے قرض حاصل کر سکیں

ایس ایم ایز کو تجارتی قرضوں کی فراہمی کے لیے حائد 80 فیصد برآمدات کی شرط ختم کی جائے

فیصل آباد (آن لائن) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی ترقی، صنعتی استحکام اور برآمدات میں اضافے کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کو مالیاتی سہولیات کی فراہمی اور صنعتی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی ناگزیر ہے۔ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے وزیراعظم آفس اسلام آباد میں ہونے والی اہم ملاقات کے دوران انہوں نے کاروباری برادری کو درپیش مسائل، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

قومی یکجہتی کے لیے برداشت اور رواداری کا فروغ ناگزیر ہے، اصغر علی قیصر

عالمی یوم برداشت ہمیں نفرت، تقسیم اور شدت پسندی کے خاتمے کا پیغام دیتا ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی مشیر داخلہ ملک اصغر علی قیصر ایڈووکیٹ نے کہا کہ عالمی یوم برداشت ہمیں نفرت، تقسیم اور شدت پسندی کے خاتمے کا پیغام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے کو برداشت کرنا جمہوری اقدار کی مضبوطی کی علامت ہے، قومی یکجہتی کے لیے برداشت اور رواداری کا فروغ ناگزیر ہے۔ دین اسلام پرامن رہنے اور رواداری اختیار کرنے کا درس دیتا ہے۔ معاشرہ برداشت اور رواداری کے رویوں کا متلاشی ہے۔ منفی رویوں سے نہ صرف خاندان بلکہ معاشرے تباہی کی طرف جاتے ہیں۔

مسلم لیگ کی قیادت ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے

ملکی ترقی، معاشی استحکام، عوامی فلاح وبہبود اور جمہوری اقدار کا فروغ پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور رہا ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی بلدیہ عظیم فیصل آباد چوہدری خالد سردار نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے۔ پارٹی قیادت نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کو بحرانوں سے نکالنے، قومی معیشت کو مضبوط بنانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا سیاسی تجربہ، دور اندیشی اور عوامی خدمت کا جذبہ قابل تحسین ہے۔

حکومت عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کیلئے فوری اقدامات کرے

طاہر ایوب

منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع کمانے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے

ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ محکمے اپنی آئینی وقانونی ذمہ داریاں ادا کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے ضلعی امیر میاں طاہر ایوب نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ملک بھر میں ٹرانسپورٹ کرایوں اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں کمی نہ ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صورتحال صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی بدترین نااہلی، غفلت اور عوام دشمن طرز حکمرانی کا کھلا ثبوت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)



فیصل آباد: معروف سماجی وکاروباری شخصیت خشنود پاشا کی بیٹی کی شادی کی تقریب میں شیخ عاطف منیر، رانا سکندر اعظم، مفیث کھوکھر، شیخ سلیم، میاں جنوید، عثمان کہلن، ملک شہباز شریف، فاروق یوسف، ملک رانا عبدالغفور، منصور، رانا قدیر، شجاع اللہ بارک زئی، رانا اویس، رائے عرفان، میاں شبیر، ملک امجد، رانا شفیق، میاں طاہر شریک ہیں

ٹیٹرا پیک کی لاہور فیکٹری عالمی سطح پر ڈبلیو سی ایم ڈائمنڈ بینڈ کا درجہ حاصل کرنے والی پانچویں فیکٹری بن گئی

کراچی (این این آئی) ٹیٹرا پیک پاکستان کی لاہور فیکٹری نے ورلڈ کلاس مینوفیکچرنگ (WCM) کے تحت ڈائمنڈ بینڈ کا درجہ حاصل کر لیا ہے، جو ٹیٹرا پیک کے عالمی مینوفیکچرنگ نظام کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔ اس کامیابی کے ساتھ لاہور فیکٹری ٹیٹرا پیک کے دنیا بھر میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

تاجروں پر نیا بوجھ ڈالنے کے بجائے آسانیاں پیدا کی جائیں تاکہ ٹیکس نیٹ وسیع ہو، سلیم مکاتی

کراچی (این این آئی) پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائرمرچنٹس ایسوسی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کو اگم ٹیکس ایڈمنسٹریشن سے الگ کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اسے بزنس کمیونٹی کے



کراچی: کراچی پریس کلب میں لگائے گئے میڈیکل کیمپ میں صحافی اپنا طبی معائنہ کروا رہے ہیں

بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث لوگ سماج کے ناسور ہیں، سید علی اکبر کاظمی

پنجاب سے جڑ سے اکھاڑ پھینکے جانے چاہئے بچوں کی تعلیم وتربیت اور کردار سازی موجودہ وقت کی ضرورت ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد کے سٹی صدر سید علی اکبر کاظمی چندے شاہ نے کہا کہ بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث لوگ سماج کے ناسور ہیں اور پنجاب سے جڑ سے اکھاڑ پھینکے جانے چاہئے بچوں کی تعلیم وتربیت اور کردار سازی موجودہ وقت کی ضرورت ہے جس پر والدین توجہ نہیں دے رہے جو بچوں کی ہتک، انفرادی اور اجتماعی سطح پر حقوق کی ادائیگی، نشوونما اور زندگی کے مسائل کی اہمیت پر مرکوز ہے نے کہا ہے کہ بچوں کے خلاف جرائم کا جڑ سے خاتمہ کرنا ضروری ہے۔ بچوں کے جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی روک تھام و بحالی کے عالمی دن پر اپنے پیغام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

زرعی ملک میں سرسبز پاکستان کا خواب کب پورا ہوگا، اعجاز چوہدری

کسان کی محنت کا پھل ہی نہیں ملتا آج گندم کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی فیصل آباد کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا ہے کہ زرعی ملک میں سرسبز پاکستان کا خواب کب پورا ہوگا کسان کی محنت کا پھل ہی نہیں ملتا آج گندم کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی ہیں لیکن کسانوں کو ان کی دن رات محنت کا صلا نہیں ملتا، پنجاب حکومت نے زراعت کو تباہ کر دیا گندم، گنا کی فصلوں کی ہمارے تگ دست کاشتکاروں اور کسانوں کو ٹھیک قیمت نہیں ملتی، کپاس کی فصل مسلسل بحران کا شکار ہے۔

پیغام پاکستان امن کانفرنس، حرمین شریفین کے دفاع اور امت مسلمہ کے اتحاد پر زور

مذہبی ہم آہنگی، احترام انسانیت اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لئے علماء کرام کا مشترکہ عزم

فیصل آباد (این این آئی) جم خانہ کلب فیصل آباد میں پیغام پاکستان امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس کا موضوع تحفظ حرمین شریفین، مذہبی ہم آہنگی، احترام انسانیت، منبر ومحراب و مدارس دینیہ کا کردار اور پیغام پاکستان کا فروغ تھا، اس کانفرنس کا مقصد عالمی امن کے قیام میں پاکستان کا کردار، فتح معرکہ حق کی کامیابی، دفاع حرمین شریفین کیلئے سعودی عرب، پاکستان اور ترکی کے مابین باہمی دفاعی معاہدہ اور پیغام پاکستان کا فروغ ہے، پاکستان میں قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی، فتنہ الخوارج و فتنہ الہندوستان کا خاتمہ، پاکستان کا عظیم بیانیہ پیغام پاکستان کی آواز کو ہر گھر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

کوئٹہ سول لائن پولیس نے ایک چوری شدہ 4 موٹر سائیکلیں برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سول لائن پولیس نے ایک چوری شدہ 4 موٹر سائیکلیں برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات پر، ایس پی سٹی آصف غفور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

جنوبی پنجاب کو صوبہ بنانے کی حمایت اور سندھ میں صوبوں کی بات پر زہر اگلنا دوہرا معیار ہے، اختر اقبال ڈار

شیخوپورہ (این این آئی) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کی پریس کانفرنس چوری سینہ زوری اور تضادات کا مجموعہ ہے بلکی صدارت، چیئرمین سینیٹ، سندھ، بلوچستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

تعلیمی مؤثریت میں بہتری: ARVO کے ذریعے روشن مستقبل کی جانب ایک قدم

اداروں کی ترقی اور تعلیمی اہداف کے حصول کے لیے ٹیم ورک، مسلسل بہتری اور مشترکہ ذمہ داری کا احساس بنیادی اہمیت رکھتے ہیں

فیصل آباد (پ ر) الائیڈ اسکولز اور ایفا اسکولز، رچنا ریجن کے زیر اہتمام "Academic Effectiveness: A Way Forward Through ARVO" کے عنوان سے ایک اہم اور بامقصد سیمینار پنجاب کالج، ستیانہ روڈ، فیصل آباد میں منعقد ہوا۔ سیمینار کی قیادت ڈاکٹر شاہد محمود (پروجیکٹ ڈائریکٹر)، عمر رحمان (ریجنل منیجر)، مس مصباح رحمان (ہیڈ آف اکیڈمکس) اور مشتاق احمد (ARVO ہیڈ) نے کی۔ سیمینار کا بنیادی مقصد تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانا، تدریسی عمل کو موثر بنانا، طلب